**26.12.2024**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ........... اسلم بیگ

**Music**

---

1 حکومت نے بچوں میں غذائیت اور اُن کی مجموعی صحت کو بہتر بنانے کیلئے ''Suposhit گرام پنچایت ابھیان'' کا آغاز کیا۔

☆ صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے 17 بچوں کو، اُن کی غیرمعمولی کامیابیوں پر ، پردھان منتری راشٹریہ بال پرسکار عطا کئے۔

☆ 2004 میں آج ہی کے دن جنوبی بھارت کے ساحل پر سونامی آئی تھی، جس کے 20 سال پورے ہونے پر آج ملک اِس حادثے کو یاد کررہا ہے۔

☆ اور کرکٹ میں میلبرن میں ، بارڈر گواسکر ٹرافی کے چوتھے ٹسٹ کے پہلے دن آسٹریلیا نے بغیر آؤٹ ہوئے، چھ وکٹ پر 311 رَن بنائے۔

اب خبریں تفصیل سے...........

**PRESIDENT-BAL PURASKAR**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج نئی دلّی میں، سات زمروں میں 17 بچوں کو ان کے غیر معمولی کاموں کیلئے پردھان منتری راشٹریہ بال پُرسکار عطا کیے۔ 14 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں سے تعلق رکھنے والے 17 بچوں کو آرٹ اور ثقافت، بہادری، اختراع، سائنس اینڈ ٹیکنالوجی، سماجی خدمات، کھیل کود اور ماحولیات کے شعبوں میں اُن کے غیر معمولی کاموں کیلئے بال پُرسکار سے نوازا گیا۔ ہر انعام یافتہ کو ایک میڈل، ایک سرٹیفکیٹ اور ایک توصیف نامہ دیا گیا۔

صدر مرمو نے اِس موقع پر اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے، Veer Bal Diwas پر صاحب زادوں کی بہادری اور قربانی کے تئیں بھی خراجِ عقیدت پیش کیا۔ انہوں نے خاص طور پر کہا کہ یہ دن سِکھوں کے دسویں گُرو ، گُرو گوبند سنگھ کے کم عمر بیٹوں کی بے مثال قربانی اور بہادری کے احترام میں منایا جاتا ہے۔

انعام حاصل کرنے والے بچوں کو مبارکباد دیتے ہوئے، صدرِ جمہوریہ نے کہا کہ اُن کا کام غیرمعمولی اور حیرت انگیز

ہے۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ اِن میں سے ہر ایک میں بے مثال صلاحیتیں ہیں اور اِن کی حصولیابیوں سے ملک کے تمام شہریوں کو ایک جذبہ فراہم ہوگا۔ صدر مرمو نے ہر ایک سے زور دے کر کہا کہ وہ سبھی شہریوں میں بیداری لانے کیلئے مختلف میڈیا کا استعمال کرتے ہوئے، بڑے پیمانے پر اِن حصولیابیوں کے بارے میں بتائیں۔ صدرِ جمہوریہ نے کہا کہ بچوں کو موقع فراہم کرنا اور اُن کی صلاحیتوں کا اعتراف کرنا ، ملک کی روایات کا حصہ ہے۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ اِس روایت کو اور بھی مضبوط کیا جانا چاہیئے۔

صدر مرمو نے کہا کہ سال 2047 میں جب ملک، اپنی آزادی کی صدی کا جشن منائے گا تو یہ انعام یافتہ بچے، ملک کے شاندار شہری ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ اِس طرح کے باصلاحیت لڑکے اور لڑکیاں، ایک ترقی یافتہ ملک کے معمار بنیں گے۔ پردھان منتری راشٹریہ بال پُرسکار حاصل کرنے والے بچوں کے ساتھ وزیر اعظم نریندر مودی نے بھی بات چیت کی۔

وزیراعظم نریندر مودی نے پردھان منتری راشٹریہ بال پُرسکار حاصل کرنے والوں سے بات چیت بھی کی۔ آ کاشوانی نیوز سے خصوصی بات چیت میں فن وثقافت کے شعبے میں ایوارڈ حاصل کرنے والے تمل ناڈو کے janane Narayanan نے خوشی کا اظہار کیا۔ کھیل کے شعبے میں یہ ایوارڈ حاصل کرنے والے آندھراپردیش کے Jessy Raj نے کہا کہ ہر بچے کو ایکسٹرا کریکلر ایکٹویٹیز میں شامل ہونا چاہیئے اور والدین کو اس سلسلے میں ان کی حوصلہ افزائی کرنی چاہیئے۔

**PM-BAL PRUSAKAR**

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارتی جمہوریت کی عظمت گروؤں کی تعلیمات، صاحبزادوں کی قربانیوں اور ملک کے اتحاد کے بنیادی منتر پر مبنی ہے۔ آج نئی دلّی کے بھارت منڈپم میں ویر بال دِوس کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ گروؤں کی روایت نے لوگوں کا برابر احترام کرنے کا درس دیا اور ہمارا آئین بھی اس کیلئے ہمیں تحریک دیتا ہے۔

وزیراعظم نے کہا کہ جدوجہد آزادی سے لے کر 21 ویں صدی کی عوامی تحریکوں تک بھارت کے نوجوانوں نے کلیدی اشتراک کیا ہے۔ اس موقع پر وزیراعظم نے سپوشِت گرام پنچایت ابھیان کا بھی آغاز کیا۔ اس کا مقصد تغذیہ کی کمی سے نمٹنا اور اس سے متعلق خدمات کو مستحکم کرتے ہوئے صحت میں بہتری لانا ہے۔×

**PM-SVAMITVA**

وزیراعظم نریندر مودی کل Svamitva اسکیم کے تحت 58 لاکھ سے زیادہ ملکیت کے کارڈس تقسیم کریں گے۔ جناب مودی، پروگرام کے دوران اسکیم کے مستفدین سے بھی بات چیت کریں گے۔ اِس اسکیم کے تحت گاؤوں یا آبادی والے علاقوں میں مالکانہ حق رکھنے والے ہر فرد کو حقوق کا ایک ریکارڈ سونپا جائے گا۔ پنچایتی راج کی وزارت نے بتایا ہے کہ Svamitva اسکیم کے تحت، زمین کا مالکانہ حق رکھنے والے افراد کو، اُس کا ثبوت فراہم کیا جائے گا، تاکہ وہ اپنی املاک کی

قیمت کے اعتبار سے قرض حاصل کرسکیں۔ اس سے املاک سے متعلق تنازعات کو کم کرنے، گاؤں کی سطح پر جامع منصوبہ بندی میں بہتری اور املاک سے متعلق ٹیکس کی وصولیابی میں سہولت بھی پیدا ہوسکے گی۔

نئی دلّی میں میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے پنچایتی راج کے سکریٹری وویک بھاردواج نے بتایا کہ اس اسکیم کے تحت Drone کے ذریعے تقریباً تین لاکھ 17 ہزار گاؤوں کا جائزہ لیا گیا ہے اور ایک لاکھ 37 ہزار کروڑ مربع میٹر رہائشی زمین کا نقشہ تیار کیا گیا ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ اب تک تقریباً دو کروڑ املاک سے متعلق کارڈس تیار کیے جا چکے ہیں، جو اسکیم پر عملدرآمد کیے جانے میں ایک اہم سنگِ میل ہے۔ ×

## VP-J&K

نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ کل سے جموں وکشمیر کے دورے پر رہیں گے۔ جموں میں نائب صدر شری ماتا ویشنو دیوی یونیورسٹی کے 10 ویں تقسیم اسناد تقریب میں مہمان خصوصی کی حیثیت سے شرکت کریں گے۔ جناب دھنکھڑ ماتا ویشنو دیوی مندر اور بھیروں بابا مندر بھی جائیں گے۔×

## EPFO MEMBERS

ملازمین کے پروویڈینٹ فنڈ کی تنظیم EPFO میں، اِس سال اکتوبر کے مہینے میں، مجموعی طور پر، 13 لاکھ 41 ہزار نئے اَرکان نے اندراج کرایا ہے۔ محنت اور روزگار کی وزارت نے کہا ہے کہ ارکان کی تعداد میں یہ اضافہ، روزگار کے بڑھتے ہوئے موقعوں، ملازمین میں فائدوں سے متعلق بڑھتی بیداری اور ملازمین تک رسائی کیلئے EPFO کے مؤثر اقدامات کے سبب ہوا ہے۔

پے رول کے عارضی اعداد و شمار سے ظاہر ہوتا ہے کہ EPFO میں، رواں مالی برس کے اکتوبر کے مہینے میں تقریباً سات لاکھ 50 ہزار نئے ممبروں نے اندراج کرایا ہے۔ اعداد و شمار سے یہ بھی ظاہر ہوتا ہے کہ اس میں 18 سے 25 سال کی عمر کے ارکان کی اکثریت ہے، جو مذکورہ مدت کے دوران شامل کیے گئے کُل ارکان کا 58 فیصد سے زیادہ ہے۔×

## TSUNAMI ANNIVERSARY

26 دسمبر 2004 کو ملک کے جنوبی ساحلی علاقے میں، جو سونامی آئی تھی، آج اُس کے 20 برس مکمل ہوچکے ہیں، جس میں تمل ناڈو اور پڈوچیری میں ہزاروں افراد کی جانیں تلف ہوئی تھیں۔ انڈونیشیا کے علاقے سُماترا میں، زیرِسمندر 9 اعشاریہ ایک شدت کے زلزلے کے سبب آئی یہ سونامی، تاریخ میں سب سے خطرناک قدرتی آفات میں سے ایک تھی۔×

## SHAHEED UDHAM SINGH

ملک آج شہید اودھم سنگھ کو، اُن کے 125 ویں یوم پیدائش پر خراج عقیدت پیش کررہا ہے۔ اودھم سنگھ آج ہی کے دن 1899 میں غیرمنقسم بھارت کے پنجاب کے Sunam گاؤں میں پیدا ہوئے تھے۔ انہوں نے جلیاں والا باغ قتل عام کا بدلہ لینے کیلئے Michael O'Dwyer کا قتل کردیا تھا، جو اُس وقت پنجاب کا لیفٹیننٹ گورنر تھا۔ برطانوی افواج کی قید میں انہوں نے رام محمد سنگھ آزاد کا نام استعمال کیا، جس سے بھارت میں تین اہم مذاہب کی عکاسی اور اُن کے نوآبادیاتی نظام مخالف جذبات کی عکاسی ہوتی ہے۔×

## NDA LEADER MEETING

کل نئی دلّی میں BJP کے قومی صدر اور مرکزی وزیر جگت پرکاش نڈّا کی رہائش گاہ پر قومی جمہوری اتحاد NDA کے رہنماؤں کی ایک میٹنگ ہوئی۔ اِس میٹنگ کا مقصد اتحادی پارٹیوں کے درمیان تال میل کو مستحکم کرنا تھا۔ تیلگودیشم پارٹی کے صدر اور آندھرا پردیش کے وزیرِاعلیٰ این چندرا بابو نائیڈو، سینئر BJP لیڈر اور مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ، Janata Dal یونائیٹڈ کے رہنما اور پنچایتی راج کے مرکزی وزیر راجیو رنجن سنگھ، Janata Dal (Secular) کے لیڈر اور بھاری صنعتوں کے مرکزی وزیر ایچ۔ڈی۔کمارا سوامی نے میٹنگ میں شرکت کی۔

ہندوستانی عوام مورچہ کے رہنما اور MSME کے مرکزی وزیر جیتن رام مانجھی اپنا دَل (سونی لال) کی صدر اور صحت کی مرکزی وزیرِمملکت انو پریا پٹیل اور راشٹریہ لوک مورچہ کے صدر اُوپیندر کُشواہا نے بھی اِس میٹنگ میں شرکت کی۔x

## CRICKET-IND-AUS

بھارت اور آسٹریلیا کے درمیان بارڈر-گواسکر ٹرافی کے تحت چوتھا ٹیسٹ میچ میلبرن میں کھیلا جارہا ہے۔ آج پہلے دن کا کھیل ختم ہونے پر آسٹریلیا نے 6 وکٹ پر 311 رن بنالئے تھے۔ اس سے پہلے آسٹریلیا نے ٹاس جیتا اور پہلے بلے بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔ پانچ میچوں کی اس سیریز میں دونوں ٹیمیں ایک ایک میچ جیت چکی ہیں۔×

## WEIGHTLIFITNG

ویٹ لِفٹنگ میں کل دوحہ میں ایشین جونیئر ویٹ لِفٹنگ چمپیَن شپ میں خواتین کے جونیئر پلَس 87 کلوگرام زمرے میں منی پور کی مارٹینا دیوی نے چاندی کا تمغہ حاصل کیا ہے۔ 18 سال کی مارٹینا دیوی نے مجموعی طور پر 225 کلوگرام وزن اُٹھا کر دوسرا مقام حاصل کیا۔ مارٹینا نے کلین اینڈ جرک مقابلے میں بھی چاندی کا تمغہ حاصل کیا ہے۔×

**PUNJAB-ACHIEVES WATER SUPPLY**

پنجاب کے ، پانی کی سپلائی اور صفائی ستھرائی کے وزیر ہردیپ سنگھ مُنڈِیَن نے کہا ہے کہ پنجاب ، ملک کی ایسی پانچویں ریاست بن گئی ہے، جہاں دیہی گھروں کو پائپ کے ذریعے پانی کی 100 فیصد سپلائی کی جارہی ہے۔ یہ کامیابی ہر گھر جل کے تحت ملی ہے، جو مرکزی حکومت کی ایک اسکیم ہے۔

پانی کی ہلکی کوالٹی اور قلت کے مسئلوں کو دور کرنے کیلئے، ایک ہزار 706 گاؤوں کو شامل کرتے ہوئے، نہر کے پانی سے متعلق 15 بڑے پروجیکٹوں پر کام کاج جاری ہے، جس کی لاگت دو ہزار 174 کروڑ روپے ہے۔ اِن پروجیکٹوں سے تقریباً 25 لاکھ لوگوں اور چار لاکھ کنبوں کو فائدہ ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ اِس کے ساتھ ساتھ ریاست کے سبھی گاؤوں نے، سووچھ بھارت مشن- دیہی کے تحت ، کھلی جگہوں پر رفع حاجت سے پاک گاؤوں کا درجہ حاصل کرلیا ہے۔ x

**SENSEX-1300**

آج 30 حصص والے بامبے اسٹاک ایکسچینج کے سنسیکس میں 15 پوائنٹ کا معمولی اضافہ ہوا اور 78 ہزار 488 پر پہنچ گیا۔ نِفٹی میں بھی 21 پوائنٹ کا اضافہ ہوا، اور آخری خبریں ملنے تک یہ 23 ہزار 749 پر تھا۔x

**WEATHER**

بھارتی موسمیات محکمے IMD نے کہا ہے کہ آج جموں وکشمیر، لداخ، گلگت، بلتستان، مظفرآباد، پنجاب اور ہماچل پردیش میں سرد لہر کا سلسلہ جاری رہے گا۔ اُس نے کہا ہے کہ ہماچل پردیش، پنجاب، ہریانہ، چنڈی گڑھ، دلّی اور اترپردیش کے کچھ علاقوں میں دیر رات اور صبح سویرے کے اوقات میں گہرا کُہرا چھائے رہنا کا امکان ہے۔ موسمیات کے محکمے نے کہا ہے کہ مغربی اترپردیش، راجستھان، مغربی مدھیہ پردیش، مدھیہ مہاراشٹر، مراٹھواڑہ اور گجرات میں گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑسکتی ہیں۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆